Barbra Schlifer Commemorative Clinic
Freedom From Violence.

اپنے حقوق جانیئے

1 ضابطہ فوجداری کے تحت جنسی تشدد کی پولیس رپورٹ درج کرانا۔

- آپ کو جنسی تشدد کے خلاف پولیس رپورٹ درج کرانے کا حق حاصل ہے، چاہے کتنا بھی عرصہ قبل واقعہ گزرا ہو۔
- آپکو جنسی تشدد کے خلاف رپورٹ درج کرانے کا حق حاصل ہے اگرچہ آپ جنسی تجارت کے شعبے سے تعلق رکھتے ہیں۔
- آپکو جنسی تشدد کے خلاف رپورٹ درج کرانے کا حق حاصل ہے ، آپکی امیگریشن حیثیت سے قطع نظر۔
- آپکو جنسی تشدد کے خلاف رپورٹ درج کرانے کا حق حاصل ہے جبکہ آپکا موجودہ یا سابقہ ساتھی اس میں ملوث ہو۔
- آپکو جنسی تشدد کے ثبوت کی کِٹ(ایس اے ای کے)کے استعمال سے انکار کا حق حاصل ہے،اور اسکے باوجود آپ پولیس کی شمولیت طلب کر سکتے ہیں۔
- آپکو آن لائن مجرمانہ ہراسانی، سائبر پر پیچھا کرنا اور آن لائن غنڈہ گردی کے خلاف پولیس رپورٹ درج کرانے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو یہ فیصلہ کرنے کا حق حاصل ہے کہ آپ اپنی تفتیش کے لیے مرد یا عورت تفتیش کار کو ترجیح دیں۔
- آپکو تفتیش کے بارے میں پیش رفت کی بلا تاخیر اطلاع کا حق حاصل ہے۔
- آپکو "مظلورم پر اثرات کا بیانیہ " مکمل کرنے کا حق حاصل ہے، جس کے ذریعے آپکو مجرمانہ انصاف کے نظام میں آواز اٹھانے کا موقع عطا کیا جاتاہے۔

3 غلط برطرفی کے خلاف دیوانی کاروائی

- آپکو غلط برطرفی کی بناء پر سابقہ آجر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو علیحدگی یا برطرفی کی تنخواہ کا دعویٰ دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو قانونی مشورہ حاصل کرنے کا حق ہے۔
- آپکو وزارت محنت(شکایت ای ایس اے) کو شکایت درج کرنے کا حق حاصل ہے-
- ای ایس اے کےشکایتی دورانیۓ کے دوران آپکو مسلسل روزگار کے فوائد کا حق حاصل ہے۔
- آپکو دعویٰ کا بیانیہ فراہم کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو چھوٹے دعویٰ کی عدالت یا اعلیٰ عدالت میں دعویٰ دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو لازمی ثالثئ / قبل مقدمہ سازی اجلاس سے گزرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو گواہان کی شہادتیں لینے کا حق حاصل ہے۔
- تمام ملازمین کو امتیازیت سے پاک ملازمت میں مساوی برتاؤ کا حق حاصل ہے۔

2 ضابطہ انسانی حقوق کے تحت جائے روزگار پر ہراسانی سے آزادی

- آپکو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کام کی جگہ پر کسی قسم کے ناقابل قبول روئیہ اور ہراسانی سے پاک ماحول میں کام کریں۔
- آپکو روزگار سے متعلق مساوی برتاؤ کا حق حاصل ہے۔
- آپکو انسانی حقوق کے قانونی حمایتی سینٹر سے مفت قانونی مشاورت کا حق حاصل ہے-
- آپکو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنے سے اعلیٰ افسر، سپروائزر یا کسی بھی شخص جو کہ اعلیٰ منصف رکھتا ہو،کی نامناسب پیش رفت و روئیہ یا جنسی طرز کے احسانات کی درخواست سے آزاد ہوں۔ آپکو مجرم کے خلاف رپورٹ درج کرنے کی بناء پر انتقامی کاروائی کی دھمکیوں کے دباؤ سے آزادی کا حق حاصل ہے۔
- اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ ہراسانی یا امتیازیت کا شکار ہوئے ہیں تو آپ کو ایچ آڑ ٹی او شکایت درج کرانے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو ایک زہر آلودہ اور دشمنی آمیز ماحول والے کام کی جگہ کے خلاف حقائق پر مبنی انسانی حقوق کی درخواست درج کرانے کا حق حاصل ہے۔

4 اونٹیرئیو کے قانون برائے روزگار کے تحت حقوق

- آپکو ایسے ماحول میں کام کرنے کا حق حاصل ہے جو کسی بھی قسم کی ہراسانی اور کام کی جگہ پر ناقابل قبول روئیہ سے پاک ہو۔
- گھریلو یا جنسی تشدد کی بناء پر پورے، آدھے یا ایک سے زائد دنوں کی چھٹی لینے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو روزگار کے متعلق مساوی برتاؤ کا حق حاصل ہے۔
- آپکو تحقیقاتی رپورٹ درج کرانے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو کام سے انکار کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو غیر حاضری کی چھٹی لینے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو اپنی چھٹی کے پہلے 5 دن کی اجرت لینے کا حق حاصل ہے۔
- جو ملازمین حمل یا ولادتی چھٹی لیتے ہیں، آپکو بھی انھی جیسا یکساں سلوک کا حق حاصل ہے۔

Canada
Department of Justice Canada — Ministère de la Justice Canada